# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اقبالیات)

کورس: اقبالیات (303) — سمسٹر: خزاں 2025ء

سطح: ایف۔اے

### بستہ برائے طلبہ

عزیز طلبا/ طالبات! السلام علیکم!

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو درج ذیل درسی مواد بھیجا جا رہا ہے:

| | | |
|---|---|---|
| -1 | درسی کتب | ایک عدد (یونٹ 1 تا 18) |
| -2 | عمومی رہنما طلبہ | ایک عدد |
| -3 | امتحانی مشقیں | چار عدد |
| -4 | امتحانی مشقوں کے لیے فارم | چار سیٹ |
| -5 | اوقات نامہ | مشقی کام، تعلیمی اجتماعات، ریڈیو پروگرام |

نوٹ: اگر اس بستے میں مذکورہ بالا کوئی چیز موصول نہ ہو تو اس کی اطلاع شعبہ مراسلاتی خدمات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کو دیجیے تا کہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔

شعبہ مراسلاتی خدمات

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اقبالیات)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور طالب علم کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

## مشقیں بھیجنے کا شیڈول

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 15-12-2025 | ...... | ...... |
| مشق نمبر2 | 08-01-2026 | مشق نمبر1 | 08-01-2026 |
| مشق نمبر3 | 30-01-2026 | ...... | ...... |
| مشق نمبر4 | 20-02-2026 | مشق نمبر2 | 20-02-2026 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔ | | | |

کورس: اقبالیات (303)      سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: ایف۔اے

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبا میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

-4 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-5 غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 3)

سوال نمبر 1: درج ذیل سوالوں کے مختصر جوابات لکھیے۔ (20)

(1) اقبال نے محلّہ کشمیریاں کے کس مدرسے میں چند سال عربی کی تعلیم حاصل کی؟

(2) انڈیا ایکٹ کب بنا تھا؟

(3) ابتدائی دور میں دہلی کے کس ادبی رسالے میں اقبال کا کلام سب سے پہلے چھپا؟

(4) علامہ کس مشہور انگریز شاعر کی نظم کے جواب میں اردو کی طویل نظم لکھنا چاہتے تھے؟

(5) علامہ اقبال یورپ جانے سے پہلے کس ملک کی یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مند تھے؟

(6) سفرِ غزنی کے نقوش علامہ اقبال نے کس اردو نظم میں پیش کیے ہیں؟

(7) نالہ یتیم انجمن حمایت اسلام کے پندرھویں سالانہ اجلاس ۲۴ فروری ۱۹۰۰ء میں پڑھی گئی۔ یہ اجلاس کس کی زیر صدارت منعقد ہوا؟

(8) اقبال نے بار ایٹ لا کی ڈگری کس کالج سے حاصل کی؟

(9) مدیر مخزن سے مراد کون ہیں؟

(10) نکل کے صحرا سے جس نے روما کی سلطنت کو الٹ دیا تھا۔ سنا ہے یہ قدسیوں سے میں نے وہ شیر پھر ہوشیار ہوگا اس شعر میں شیر سے کیا مراد ہے؟

(11) نظم ترانہ ہندی کا پہلا نام کیا تھا؟

(12) تحریک خلافت اور ترک موالات کا پروگرام کن جماعتوں نے متحد ہو کر بنایا؟

(13) اپنی شاعری کے ابتدائی دور میں علامہ اقبال نے کن انگریزی شعراء کے کلام کے اردو تراجم پیش کیے؟

(14) 1917ء میں حیدر آباد میں علامہ اقبال کو کون سی ملازمت پیش کی گئی تھی؟

(15) کن جماعتوں کی مسلم دشمنی نے ہندو اکثریت کے عزائم کو بے نقاب کیا؟

(16) علامہ اقبال کا مرزا داغ سے کیا تعلق تھا؟

(17) تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ کا موضوع کیا ہے؟

(18) دوسری گول میز کانفرنس سے واپسی پر اقبال نے روم میں کس سابق شاہ افغانستان سے ملاقات کی؟

(19) علامہ اقبال نے مدراس اور حیدر آباد میں کس زبان میں لیکچر دیئے تھے؟

(20) علامہ اقبال گورنمنٹ کالج میں کتنا عرصہ فلسفے کے پروفیسر رہے؟

سوال نمبر 2- درج ذیل عنوانات پر مختصر نوٹ لکھیے۔ (10+10=20)

(الف) بانگ درا کی نظموں کا نمایاں پہلو

(ب) ابلیس کی مجلس شوری

سوال نمبر 3- انسانی عظمت کے موضوع پر فکر اقبال کے حوالے سے ایک مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4- اقبال ہندی قومیت کے نہیں، اسلامی قومیت کے قائل تھے۔'' بانگ درا کی نظموں کے حوالے سے بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5- 1905 تک منظر عام پر آنے والی اقبال کی علمی تخلیقات کا تفصیلی تعارف اور ان کی اہمیت بیان کیجیے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 4 تا 6)

سوال نمبر 1: (الف) درج ذیل سوالوں کے مختصر جوابات لکھیے۔ (20)

(1) قائداعظم کے نام علامہ اقبال کے خطوط کو کس نے دریافت اور شائع کیا؟

(2) خطوط اقبال بنام قائداعظم کا دیباچہ کس مشہور شخصیت نے لکھا؟

(3) مسلم لیگ کے کس اجلاس میں قائداعظم ہندوستانی مسلمانوں کے واحد نمائندہ رہنما تسلیم کیے گئے؟

(4) جنگ عظیم دوم کے بعد دنیائے اسلام کا سب سے اہم مسئلہ کون سا تھا؟

(5) کیمونل ایوارڈ کو علامہ اقبال نے کس لحاظ سے پسند کیا؟

(6) پنجاب میں مسلم لیگ کی تنظیم نو کے سلسلے میں قائداعظم کب لاہور تشریف لائے تھے؟

(7) نظم ''چاند اور تارے کے مطابق سوز کس کا ہم نشیں ہوتا ہے؟

(8) ''جنبش سے ہے زندگی جہاں کی'' شعر مکمل کریں۔

(9) علامہ اقبال کی شاعری کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟

(10) خطوط اقبال بنام قائداعظم میں کون سا خط اپنے مباحث کے اعتبار سے سب سے زیادہ اہم ہے؟

(11) 17 جنوری 1938ء کا خط علامہ اقبال کی طرف سے کس نے لکھا تھا؟

(12) جناح سکندر معاہدہ کن دو جماعتوں کے درمیان طے پایا تھا؟

(13) اخبار ایسٹرن ٹائمز کو کون سی جماعت مالی امداد دیتی تھی؟

(14) علامہ قبال کے خیال میں اسلامی قانون کے نفاذ سے مسلمانوں کے کس مسئلے کا حل ممکن ہے؟

(15) انڈین نیشنل کانگرس کب قائم ہوئی تھی؟

(16) خطوط اقبال میں ''دستور'' سے کیا مراد ہے؟

(17) دہلی میں آل انڈیا کنونشن کب بلایا گیا تھا؟

(18) مسجد شہید گنج کب تعمیر ہوئی؟

(19) "زمیندار اخبار کے مدیر کا نام کیا تھا؟

(20) تحریک نیل پوش کا دوسرا معروف نام کیا ہے؟

سوال نمبر 2-(الف) درج ذیل موضوعات پر دس دس سطروں کے مختصر نوٹ لکھیں۔ (10+10=20)

(الف) کیمونل ایوارڈ

(ب) تنازعہ مسجد شہید گنج

سوال نمبر 3۔نظم کے حوالے کے ساتھ درج ذیل بند کی تشریح کیجیے۔ (20)

ڈرتے ڈرتے دم سحر سے — تارے کہنے لگے قمر سے
نظارے وہی رہے فلک پر — ہم تھک بھی گئے چمک چمک کر
کام اپنا ہے صبح و شام چلنا — چلنا چلنا مدام چلنا
بے تاب ہے اس جہاں کی ہر شے — کہتے ہیں جس کو سکوں نہیں ہے
رہتے ہیں ستم کش سفر سب — تارے، انساں شجر، حجر سب
ہوگا کبھی ختم یہ سفر کیا — منزل کبھی آئے گی نظر کیا

سوال نمبر 4- خطوط اقبال بنام قائداعظم سے جدوجہد آزادی کے کیا نقوش سامنے آتے ہیں تفصیل سے بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ خطوط قبال بنام قائداعظم میں علامہ نے ایک فلاحی اسلامی ریاست کے خدوخال واضح کیے ہیں۔ان خیالات کی روشنی میں ایک مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

کل نمبر:100 — کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 3

(یونٹ 7 تا 10)

سوال نمبر 1-(الف) درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (20)

(1) نظم ''خطاب بہ جاوید کا موضوع کیا ہے؟

(2) خدایا آرزو میری یہی ہے شعر مکمل کیجیے۔

(3) علامہ اقبال نے مایوس قوم کو کیا تلقین کی ہے؟

(4) فرد اور قوم کی بقا اور استحکام کا دارو مدار کس چیز پر ہے؟

(5) مذہب بغیر قوت کے محض ایک فلسفہ ہے، یہ نظریہ کس شخصیت کا ہے؟

(6) مجھے نظارے کا مثلِ کلیم سودا تھا یہاں کلیم سے کون سی ہستی مراد ہے؟

(7) ملک یمین سے کیا مراد ہے؟

(8) نظم ''فاطمہ بنت عبداللہ کب لکھی گئی تھی؟

(9) نظم ''پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ میں کیا تعلیم دی گئی ہے؟

(10) باپ کا علم نہ بیٹے کو اگر از بر ہو پھر پسر قابلِ میراث پدر کیوں کر ہو

اس شعر کا مفہوم واضح کریں۔

(11) علامہ اقبال کس عمر کے لوگوں سے زیادہ پر امید تھے؟

(12) تم ہو گفتار سراپا، وہ سراپا کردار اس مصرعے میں کس پر تنقید کی گئی ہے؟

(13) حضرت سلمان فارسی کی کس نمایاں خوبی کو علامہ اقبال نے سراہا ہے؟

(14) اقبال کو شاعر فردا کیوں کہا جاتا ہے؟

(15) عقل اور عشق کے مقابلے میں علامہ اقبال کس کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں؟

(16 حبشہ کا نیا نام کیا ہے؟

(17) حضرت بلال کے آقا کا نام کیا تھا؟

(18) علامہ اقبال نے اپنی نظم "ابر گوہر بار کونسی انجمن کے جلسے میں پڑھی تھی؟

(19) بلقانی ریاستوں نے ترکوں کے خلاف اعلان جنگ کب کیا تھا؟

(20) اقبال کو کیا چیز لہو رلاتی تھی؟

سوال نمبر 2- درج ذیل موضوعات پر مختصر نوٹ لکھیے۔ (10+10=20)

(الف) نوجوانوں کی تقلید مغرب پر اقبال کی تنقید

(ب) نظم ''خطاب بہ جوانان اسلام کے اہم نکات

سوال نمبر 3- اقبال کے عشق رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلّم پر ایک جامع مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4- نظم "صقلیہ کا مکمل تعارف اور تفصیلی تبصرہ پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5- علامہ اقبال نوجوان نسل سے بے حد پر امید تھے، کیوں؟ تفصیلی بحث کیجیے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق 4

(یونٹ 11 تا14)

سوال نمبر1:(الف) درج ذیل کے سوالوں کے مختصر جوابات لکھیے۔ (20)

(1)علامہ اقبال کی کس نظم نے اپنے عہد کی شاعری کو سب سے زیادہ متاثر کیا؟

(2)نزول قرآن کی سالگرہ کسے کہا گیا ہے؟

(3)علامہ اقبال کے خیال میں مسلمانوں کے عروج کے اسباب کیا تھے؟

(4) کیا علامہ اقبال وطنیت کے مغربی خیال کی حمایت کرتے ہیں؟

(5)علامہ اقبال کے نزدیک وطن کے غداروں کا کیا انجام ہوتا ہے؟

(6) کس نقاد نے اقبال کی نثر کو عظیم قرار دیا ہے؟

(7)نظم "شکوہ" میں علامہ اقبال نے کس سے شکایت کی ہے؟

(8)معاشی اور معاشرتی مساوات قائم کرنے کے تین اصول کون سے ہیں؟

(9)روزے کب فرض ہوئے؟

(10)علامہ اقبال کے علمی اور سیاسی خطوط کا انداز تحریر کیسا ہے؟

(11)مسلمانوں کے تہواروں اور دوسری قوم کے تہواروں میں بنیادی فرق کیا ہے؟

(12)مسلمان قوم کو بیدار کرنے کے لیے علامہ اقبال نے کون سا طریقہ اختیار کیا؟

(13)اقبالنامہ خطوط کا مجموعہ ہے یا خطبات کا؟

(14)ترانہ ملی میں ''ارض پاک سے، شاعر نے کس کی طرف اشارہ کیا ہے؟

(15)علامہ اقبال اپنے سفر کے دوران دلی میں کس شاعر اور شہزادے کے مزار پر حاضر ہوئے؟

(16)علامہ اقبال نے 1938ء میں جو مضمون لکھا اس کا عنوان کیا تھا؟

(17)علامہ اقبال کے خطبہ عید الفطر کے شائع ہونے کا اہتمام کس ادارے نے کیا تھا؟

(18)محنت ہی بڑی عبادت ہے یہ کس کا قول ہے؟

(19)نظم ترانہ ہندی کب لکھی گئی تھی؟

(20)نظم شکوہ کون سی ہیت میں لکھی گئی ہے؟

سوال نمبر-2 درج ذیل موضوعات پر مختصر نوٹ لکھیے۔ (10+10=20)

(الف)اقبال کی اردو نثر

(ب) نظم ''ترانہ ہندی کے اہم نکات

سوال نمبر 3- فرد اور جماعت کے باہمی تعلق کے حوالے سے اقبال کے نظریات پر روشنی ڈالیے۔ (20)

سوال نمبر 4- مدیر وطن کے نام لکھے گئے اقبال کے دو خطوط کے اہم نکات بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5- اقبال کے خطبہ عید الفطر کے جملہ مطالب کو وضاحت سے بیان کیجیے۔ (20)